شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

## کورسوں کا تعارف/طریقہ داخلہ:

**۱۔ مطالعہ قرآن مجید مراسلاتی کورس:** یہ کورس فیصل مسجد میں دیے جانے والے خطباتِ جمعہ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اڑتالیس خطباتِ جمعہ پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہے۔ ہر خطبہ میں چند آیات قرآنی کا مفہوم آسان اردو زبان میں مستند تفاسیر کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اس سلسلے کے ۲۷ویں کورس میں داخلے جاری ہیں۔ ہر چار خطبات کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

**۲۔ مطالعہ حدیث مراسلاتی کورس:** اس کورس میں تعارف حدیث، تدوین حدیث اور دیگر مختلف موضوعات پر مبنی احادیث روایات پر مختصراً تعلیم دی جاتی ہے۔ قاری کو مزید مطالعہ کے لیے مختلف کتب احادیث کی طرف رہنمائی بھی کی جاتی ہے۔ بارہ اسباق پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

**۳۔ مطالعہ اسلام مراسلاتی کورس:** یہ کورس اسلام کے تعارف، عبادات، معاشیات، معاشرت، فقہی اصطلاحات وغیرہ جیسے موضوعات پر مبنی ہے۔ مسلکی اور گروہی اختلافات سے بالاتر ہو کر قرآن وحدیث کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ پچیس اسباق پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر دو یونٹس کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

**۴۔ گلدستہ مراسلاتی کورس (بچوں کے لیے):** بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کورس کے بارہ یونٹ تیار کیے گئے ہیں۔ یہ کورس بھی ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

ہر کورس کی تکمیل پر ساٹھ فیصد نمبر حاصل کرنے والے شرکاء کو اکیڈمی کی جانب سے ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ ان کورسوں کے ذریعے ہر عمر اور طبقے کے خواتین وحضرات، جو اردو پڑھ لکھ سکتے ہوں، گھر بیٹھے دینی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

**طریقہ داخلہ:** ایک وقت میں ایک سے زیادہ کورسوں میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔ ہر کورس کے لیے الگ سے داخلہ فارم استعمال کریں۔ داخلہ فارم کی فوٹو کاپی بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ داخلہ فارم میں اندراجات واضح اور خوشخط ہونے چاہئیں۔ داخلہ فارم (مع فیس) 20 نومبر 2011ء تک ارسال کر دیں۔ تمام امیدواروں کو دسمبر 2011ء کے آخری ہفتے تک کورس کی ترسیل شروع کر دی جائے گی اور گلدستہ کورس کی ترسیل جنوری 2011 میں کی جائے گی۔

داخلہ فیس (اندرون ملک شرکاء کے لیے مبلغ -/400= (چار سو روپے) جبکہ گلدستہ کورس کی فیس اندرون ملک -/150 روپے اور تمام کورسوں کی بیرون ملک شرکاء کے لیے -/1500= (پندرہ سو روپے) ہے۔ داخلہ فارم بمع فیس بذریعہ بنک ڈرافٹ / پے آرڈر/ پوسٹل آرڈر/ منی آرڈر ''اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی پوسٹ بکس نمبر 1485 (فیصل مسجد) اسلام آباد'' کے پتہ پر ارسال کریں۔ بینک ڈرافٹ پاکستان میں کسی بھی بینک سے بنوایا جا سکتا ہے مگر متعلقہ بینک کی شاخ اسلام آباد میں بھی ہونی چاہیے۔ بنک ڈرافٹ/ پے آرڈر/ منی آرڈر کی پشت پر اپنا نام اور پتہ ضرور لکھیں۔ فیس اکیڈمی میں آکر نقد بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔ بنک ڈرافٹ/ پے آرڈر/ منی آرڈر کی رسید داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ دیئے گئے طریقہ کار کے علاوہ داخلہ فارم اور فیس بھیجنے پر، گم ہونے/ وصول نہ ہونے یا آپ کو داخلہ نہ ملنے پر شعبہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لیے درج ذیل پتہ، فون نمبر یا فیکس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** جو حضرات اس سے قبل مطالعہ حدیث کورس، مطالعہ اسلام کورس، بچوں کے گلدستہ کورس کر چکے ہیں وہ ان کورسوں میں داخلہ نہ لیں کیونکہ یہ کورس بھی سابقہ اسباق پر مشتمل ہیں۔ البتہ مطالعہ قرآن کورس میں دوبارہ داخلہ لینا بہتر رہتا ہے کیونکہ یہ مسلسل تفسیر پر مبنی ہے۔

انچارج شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، پوسٹ بکس نمبر 1485 (فیصل مسجد) اسلام آباد

ٹیلی فون نمبر 362 ,361 /9261751-4 فیکس نمبر 92-51-2261648 ،92-51-9283442

ویب سائٹ: www.iiu.edu.pk

شعبہ اسلامی مراسلات
دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

# داخلہ فارم

| | | | |
|---|---|---|---|
| مطالعہ قرآن مراسلاتی کورس نمبر 27 | ☐ | مطالعہ حدیث مراسلاتی کورس نمبر 13 | ☐ |
| مطالعہ اسلام مراسلاتی کورس نمبر 12 | ☐ | گلدستہ مراسلاتی کورس نمبر 6 (بچوں کے لیے) | ☐ |

(جس کورس میں داخلہ لینا ہو اس کے سامنے ✓ لگا دیں۔ ہر کورس کے لیے الگ داخلہ فارم استعمال کریں، ضرورت ہو تو اس کی فوٹو کاپی کرالیں)

نام (اردو میں) ..............................................

ولدیت/زوجیت ..............................................

پتہ برائے خط و کتابت ..............................................

..............................................

Name(In English) ..............................................

S/O,D/O ,W/O ..............................................

Postal Address(In English)..............................................

..............................................

مستقل پتہ ..............................................

.................... فون /موبائل ....................

تاریخ پیدائش/عمر .................... مذہب ....................

تعلیمی قابلیت .................... پیشہ/عہدہ .................... ادارہ ....................

فیس مبلغ .................... روپے بذریعہ بنک ڈرافٹ/پوسٹل آرڈر/منی آرڈر نمبر ....................

تاریخ .................... دستخط امیدوار ....................

**دفتری استعمال کے لیے**

رجسٹریشن نمبر .................... دستخط فیس وصول کنندہ ....................

شعبہ اسلامی مراسلات
دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

# رہنمائے طلبہ برائے اسلامی مراسلاتی کورس

## (ایک سالہ سرٹیفیکیٹ کورس)

**مطالعہ قرآن کورس** : اس کورس کے کل اڑتالیس خطبات جمعہ کے ساتھ بارہ متعلقہ سوالنامے یعنی ہر چار خطبات کے ساتھ ایک سوالنامہ ارسال کیا جائے گا۔

**مطالعہ اسلام کورس:** اس کورس کے کل پچیس یونٹ اور بارہ سوالنامے ہیں یعنی ہر دو یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ ہوگا جبکہ آخری تین یونٹس (۲۳-۲۴-۲۵) کے ساتھ ایک سوالنامہ ہوگا۔

**مطالعہ حدیث کورس:** اس کورس کے کل بارہ یونٹ ہیں اور ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ ہوگا۔

**گلدستہ کورس:** اس کورس کے کل بارہ یونٹ (جنوری تا دسمبر) تیار کئے گئے ہیں اور ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ ہوگا۔

## عمومی ہدایات:

۱۔ آپ کا رجسٹریشن نمبر اسباق کے لفافے پر درج ہے، اسے اپنے پاس نوٹ کرلیں اور آئندہ تمام مراسلات میں اسکا حوالہ ضرور دیں۔ مکمل رجسٹریشن نمبر کے حوالے کے بغیر آپ کے سوالنامے/درخواست پر کارروائی نہیں کی جاسکتی۔

۲۔ یونٹس کی بروقت وصولی کے لیے اپنے قریبی ڈاکخانہ/پوسٹ مین سے رابطہ رکھیں۔

۳۔ تبدیلی پتہ کی صورت میں شعبہ کو بروقت مطلع کریں۔ تبدیلی پتہ کے لئے الگ سے خط لکھیں، پرچہ سوالات پر لکھے گئے نوٹ پر عمل درآمد نہیں کیا جاسکتا، تبدیلی پتہ کی صورت میں سابقہ پتہ پر بھی رابطہ رکھیں۔

۴۔ دوران کورس اگر کوئی یونٹ/پرچہ سوالات آپ کو موصول نہ ہوا ہو تو ہمیں فوراً اطلاع دیں، یونٹ یا پرچہ سوالات کی کاپی آپ کو دوبارہ ارسال کردی جائے گی۔ تاہم بھیجے گئے یونٹس کسی وجہ سے طالبعلم تک نہ پہنچیں تو اس کی ذمہ داری شعبہ پر نہ ہوگی۔

۵۔ دوران کورس کسی بھی طالب علم کے نامناسب رویہ کی بناء پر اس کی رجسٹریشن منسوخ کی جاسکتی ہے۔

## سوالنامہ حل کرنے کے لیے ہدایات:

۱۔ سوالنامہ غور سے پڑھیں اور سب سے پہلے اس پر اپنا رجسٹریشن نمبر تحریر کریں۔ نیز پرچہ سوالات پر اپنا نام اور دیگر اندراجات لکھنا نہ بھولیں۔

۲۔ پرچہ سوالات ایک ماہ کے اندر اندر حل کرکے ارسال کریں۔ پرچہ سوالات کے ساتھ کوئی اضافی شیٹ نہ لگائیں اور دی گئی جگہ پر ہی مختصر اً جواب تحریر کریں۔

۳۔ لفافے پر ایک سے زیادہ اسٹیپل پن یا بہت زیادہ گوند نہ لگائیں، تاکہ لفافہ کھولتے ہوئے خط یا سوالنامہ پھٹ جانے سے ضائع نہ ہو جائے۔

۴۔ کورس میں مجموعی طور پر کم از کم ساٹھ فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کی طرف سے سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

۵۔ مزید معلومات کے لئے جوابی لفافہ کے ساتھ درج ذیل پتہ پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ تمام خطوط اور پرچہ سوالات اسی پتہ پر ارسال کریں:


انچارج شعبہ اسلامی مراسلات
دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
پوسٹ بکس نمبر 1485 (فیصل مسجد) اسلام آباد
ٹیلی فون نمبر 051-9261751-4,9261761-5/361, 362, فیکس نمبر 92-51-2261648, 92-51-9263442

شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی پوسٹ بکس نمبر 1485، فیصل مسجد، اسلام آباد

# مطالعہ قرآن مجید کورس نمبر 27

مطالعہ قرآن مجید مراسلاتی کورس قرآن مجید کی مسلسل تفسیر پر مشتمل ہے۔اس لیے کورس نمبر 26 کے شرکاء کو یہ داخلہ فارم ارسال کیا جا رہا ہے تا کہ وہ اگلے کورس سے بھی مستفیض ہو سکیں۔ داخلہ فیس اندرون ملک سے شرکاء مبلغ-/400=(چار سو روپے) اور بیرون ملک سے شرکاء -/1500=(پندرہ سو روپے) بذریعہ بنک ڈرافٹ/ پے آرڈر/منی آرڈر/پوسٹل آرڈر بمع داخلہ فارم ''اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، فیصل مسجد، اسلام آباد'' کے پتہ پر 20-11-2011 تک ارسال کردیں۔ بینک ڈرافٹ پاکستان میں کسی بھی بینک سے بنوایا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس بینک کی شاخ اسلام آباد میں بھی ہو۔ ڈرافٹ/ پے آرڈر/ پوسٹل آرڈر کی پشت پر اپنا نام اور پتہ ضرور لکھیں۔ فیس اکیڈمی میں آکر نقد بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔ تمام امیدواروں کو دسمبر 2011ء کے آخری ہفتے تک کورس کی ترسیل کردی جائے گی۔ ان شاءاللہ

نام (اردو میں) ..........................................................................................

ولدیت/زوجیت ..........................................................................................

پتہ برائے خط وکتابت ..........................................................................................

..........................................................................................

Name(In English) ..........................................................................................

S/O,D/O,W/O ..........................................................................................

Postal Address(In English) ..........................................................................................

..........................................................................................

مستقل پتہ ..........................................................................................

..................... فون /موبائل .....................

تاریخ پیدائش/عمر ..................... مذہب .....................

تعلیمی قابلیت ..................... پیشہ/عہدہ ..................... ادارہ .....................

فیس مبلغ ..................... روپے بذریعہ بنک ڈرافٹ/پوسٹل آرڈر/منی آرڈر نمبر .....................

تاریخ ..................... دستخط امیدوار .....................

**دفتری استعمال کے لیے**

رجسٹریشن نمبر ..................... دستخط فیس وصول کنندہ .....................